02/12/2021

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

ریاست میں اب تک 13.47 لاکھ میٹرک ٹن دھان کی خریداری

-لکھنؤ : ۲/ دسمبر ۲۰۲۱ء

اترپردیش حکومت نے کسانوں کو ان کی پیداوار کی سہارا قیمت اسکیم کے مطابق میں یا اس سے زیادہ دلانے کے مقصد سے کسانوں سے براہ راست دھان کی خریداری کرتے ہوئے خریف خریداری سال 22-2021 میں اب تک مختلف خریداری مراکز کے توسط سے 1347839.69 میٹرٹن دھان کسانوں سے خریدا گیا ہے۔

محکمہ غذا و رسد کے ذریعہ دی گئی اطلاع کے مطابق آج 77562.66 میٹرک ٹن خریداری ہوئی ہے اس اسکیم سے اب تک 191424 کسان مستفید ہوئے ہیں اور تقریباً 1600.201 کروڑ روپئے کی ادائیگی ان کے بینک اکاؤنٹ میں کی گئی۔ ریاستی حکومت کے ذریعہ خریف خریداری سال کے تحت 70 لاکھ میٹرک ٹن دھان خریداری کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ دھان خریداری مراکز پر کاشتکاروں کو کسی قسم کی پریشانی اور دشواری نہ ہونے پائے، اس بات پر خصوصی توجہ دی جائے۔

☆☆☆☆☆